بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ ملتان

فون نمبر: 27 - 26 - 061-6514525

حوالہ نمبر: AM-1 1216 -1446/s

تاریخ: 26-08-1446
25-02-2025

اہم اعلان

ضمنی امتحان درجہ کتب 1446ھ مطابق 2025ء:

ضمنی امتحانات کی تاریخ درج ذیل ہے: روزانہ دو پرچے (صبح شام) ہوں گے۔

بروز ہفتہ 27 شوال المکرّم 1446ھ	مطابق	26 اپریل 2025ء
بروز اتوار 28 شوال المکرّم 1446ھ	مطابق	27 اپریل 2025ء
بروز پیر 29 شوال المکرّم 1446ھ	مطابق	28 اپریل 2025ء

ضمنی امتحان کے داخلے 10 شوال المکرّم 1446ھ تک وصول کیے جائیں گے۔ ضمنی امتحان میں درجہ کتب کا مکمل داخلہ آن لائن ہوگا، داخلہ فارم پر وصول نہیں کیا جائے گا۔ (فیس کا ثبوت، چالان فارم اور داخلہ کی فہرست بھیجنا لازم ہے)

جو آن لائن داخلے کیے جائیں ان کی قلمی فہرست (ہاتھ سے لکھی گئی) بھی دفتر وفاق کو بھیجنا لازم ہے۔ اگر کوئی داخلہ رہ گیا تو آن لائن اور قلمی فہرست کا موازنہ کیا جائے گا اور غلطی کی صورت میں قلمی فہرست کا اعتبار کیا جائے گا۔ تاہم اگر قلمی فہرست نہ بھیجی گئی تو پھر بعد میں عذر قبول نہیں ہوگا اور جو آن لائن داخلہ محفوظ کیا ہوگا صرف اُسی کا اعتبار کیا جائے گا۔

ضمنی امتحان میں شرکت کی اہلیت:

امسال راسبین کو ضمنی امتحان میں شرکت کی بالکل اجازت نہیں ہوگی۔ جبکہ ضمنی اور رفع درجات والے طلبہ ضمنی امتحان میں شرکت کر سکیں گے۔ رفع درجات والے جس پرچے کا امتحان دوبارہ دیں گے حسب ضابطہ امتحان ہال میں آ کر حاضری لگانے پر اس پرچہ کے سابقہ نمبر کالعدم ہوں گے چاہے وہ حاضری لگانے کے بعد پرچہ دے یا نہ دے۔

غائب یا کالعدم پرچوں میں دوبارہ شرکت لازم:

جو طلباء کسی پرچہ میں غائب ہوں گے یا کوئی پرچہ کالعدم ہوگا تو انہیں ضمنی قرار دیا جائے گا۔ کامیاب نہیں قرار دیا جائے گا، چاہے وہ مجموعی طور پر چالیس فیصد نمبر حاصل کر چکے ہوں۔ کامیابی کے لیے لازم ہوگا کہ وہ ان مضامین کا پرچہ دوبارہ دیں۔

درجہ حفظ کا دوسرا امتحان:

حفظ کے سالانہ امتحان میں غیر حاضر رہنے والے یا راسب ہونے والے طلبہ وطالبات حفظ کے دوسرے امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں۔ نیز ایسے طلبہ وطالبات جنہوں نے سالانہ امتحان کے داخلے تک حفظ مکمل نہیں کیا تھا اور اب رمضان المبارک تک حفظ مکمل کر لیا ہے، ان کے داخلہ فارم بھی اس امتحان کے لیے بھجوائے جا سکتے ہیں۔

امسال 1446ھ میں درجہ حفظ کے دوسرے امتحان کا داخلہ 10 ذیقعدہ 1446ھ تک وصول کیا جائے گا اور امتحان یکم ذوالحجہ 1446ھ کو ہوگا۔

حفظ کے امتحان میں جن طلبہ کا نتیجہ بوجہ پرائیویٹ یا مقطوع اللحیہ کالعدم ہو وہ اسی سال دوسرے امتحان میں شرکت کے اہل نہیں ہوں گے اور ایک سال کے بعد امتحان میں شرکت کر سکیں گے۔

نظر ثانی کی تاریخ:

سالانہ امتحان 1446ھ کے پرچوں پر نظر ثانی کی درخواستیں 10 شوال المکرّم تک وصول کی جائیں گی۔ وفاق کا مرتب کردہ نظر ثانی فارم ہی استعمال کیا جائے، جو کہ وفاق کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ ایک پرچہ پر نظر ثانی کی فیس، متعلقہ درجہ کی مکمل داخلہ فیس کے مساوی ہے۔ (20 رمضان المبارک تک ملنے والی درخواستوں پر 10 شوال تک نظر ثانی کی جائے گی، باقی درخواستوں پر بعد میں ہوگی)

تاریخ سالانہ امتحان 1447ھ مطابق 2026ء:

سالانہ امتحان 27 رجب المرجب 1447ھ مطابق 17 جنوری 2026ء سے شروع ہوں گے ان شاء اللہ

عبد المجید
ناظم مرکزی دفتر
وفاق المدارس العربیہ پاکستان

Email:wifaqulmadaris@gmail.com UAN:061-111-122-133 Fax:061-6539485 Web:www.wifaqulmadaris.org